پریس ریلیز

محکمہ ایکسائز کا کوڑا ٹیکس وصولی کے لیے متحرک ہونا اور PT-1 روکنا تشویشناک، صفائی کی بنیادی سہولیات فراہم کیے بغیر ٹیکس کی وصولی تاجروں اور شہریوں کو ناگفتہ بہ حالات میں دھکیلنے کے مترادف ہے: شیخ غلام حسین جج، بابر کھرانہ

صفائی کے نظام کی بہتری کے بغیر نیا ٹیکس مسلط کرنا اور PT-1 جیسے اہم انتظامی دستاویزات کو روکنا ناانصافی ہے؛ ایکسائز ڈیپارٹمنٹ اور ضلعی انتظامیہ فوری نوٹس لے: چیمبر قیادت

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کے صدر شیخ غلام حسین جج اور مرکزی صدر انجمن تاجران شیخ بابر کھرانہ نے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی جانب سے کوڑا ٹیکس کی تیز تر وصولی اور عدم ادائیگی پر شہریوں و تاجروں کو پراپرٹی ٹیکس دستاویز PT-1 کی فراہمی روکنے کے سخت اقدامات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے مشترکہ بیان میں تاجر برادری اور عوام کا مقدمہ پیش کرتے ہوئے واضح کیا کہ بنیادی صفائی ستھرائی کی سہولیات فراہم کیے بغیر کوڑا ٹیکس کی وصولی اور نفاذ تاجر برادری اور شہریوں کے لیے کسی صورت قابلِ قبول نہیں ہے۔

صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے کہا کہ گوجرانوالہ کے مختلف تجارتی مراکز، صنعتی علاقوں اور گلی محلوں میں کوڑا کرکٹ کے جابجا ڈھیر محکمہ ایکسائز کی کارکردگی اور ٹیکس وصولی کے دعوؤں پر بڑا سوالیہ نشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجر اور شہری پہلے ہی بجلی و گیس کے بھاری ٹیرف اور پیداواری لاگت کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، ایسے میں صفائی کا نظام بہتر بنائے بغیر نیا ٹیکس مسلط کرنا اور PT-1 جیسی اہم انتظامی دستاویزات کو روکنا سراسر ناانصافی ہے۔ اس غیرقانونی اور بلاجواز اقدام سے تاجروں میں شدید بے چینی پھیل رہی ہے۔

مرکزی صدر انجمن تاجران شیخ بابر کھرانہ نے کہا کہ تاجر برادری ہمیشہ ریاست کو ٹیکس دینے کے حق میں ہے مگر اس کے بدلے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی بھی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اور ضلعی انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ کوڑا ٹیکس کی وصولی کے لیے محکمانہ سختی کی بجائے پہلے شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام، کوڑا کرکٹ کی بروقت منتقلی اور باقاعدہ سروس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ چیمبر اور تاجر قیادت نے تاکید کی کہ محکمہ ایکسائز اور صفائی کے متعلقہ ادارے تاجر برادری کو اعتماد میں لیں، ٹیکس کی مقررہ شرح اور اختیارات کی تقسیم کا واضح قانونی فریم ورک جاری کریں اور PT-1 کی فراہمی روکنے کے عمل کو فوراً ختم کریں تاکہ تاجر برادری بلاخوف و خطر اپنی کاروباری سرگرمیاں جاری رکھ سکے۔

PRESS RELEASE

Excise Department's Move to Collect Trash Tax and Withhold PT-1 is Alarming; Tax Collection Without Providing Basic Sanitation Facilities Pushes Traders and Citizens into Dire Straits: Sheikh Ghulam Hussain Judge & Babar Khurana

Imposing New Taxes and Withholding Essential Administrative Documents Like PT-1 Without Improving Sanitation Systems is Unfair; Excise Department and District Administration Must Take Immediate Notice: Chamber Leadership

GUJRANWALA: Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) President Sheikh Ghulam Hussain Judge and Central President Anjuman-e-Tajiran Sheikh Babar Khurana have expressed deep concern over the Excise and Taxation Department's aggressive push to collect trash tax and its strict punitive measures of withholding property tax document PT-1 from citizens and traders upon non-payment. Presenting the case of the business community and the public in a joint statement, they made it clear that enforcing and collecting trash tax without providing basic sanitation and cleanliness facilities is entirely unacceptable to traders and citizens alike.

GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge stated that scattered heaps of garbage across various commercial hubs, industrial zones, and residential streets of Gujranwala pose a major question mark on the performance and tax collection claims of the Excise Department. He noted that traders and citizens are already crushed under the heavy burdens of soaring electricity and gas tariffs and high production costs; under such circumstances, imposing a new tax without improving sanitation and withholding crucial administrative documents like PT-1 is sheer injustice. This illegal and unjustified move is triggering severe unrest among the business community.

Central President Anjuman-e-Tajiran Sheikh Babar Khurana emphasized that while the business community has always supported paying state taxes, the government is equally obligated to provide basic amenities in return. They strongly demanded that the Excise and Taxation Department and district administration abandon high-handed departmental pressure tactics for trash tax collection and instead prioritize establishing an effective sanitation system, timely garbage disposal, and regular municipal services across the city. The Chamber and trade leadership urged that the Excise Department and relevant sanitation authorities must take the business fraternity into confidence, issue a clear legal framework regarding the prescribed tax rate and division of powers, and immediately cease withholding PT-1 so that traders can continue their commercial activities without fear or hindrance.